بسم اللہ الرحمن الرحیم

# حل تمارین
# جواہر المنطق

## مرتب

محمد گل ریز رضا مصباحی
مدناپوری، بہیڑی، بریلی شریف

## ناشر

مصباحی اکیڈمی، مدناپور، بہیڑی، بریلی شریف یوپی

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب : حل تمارین جواہر المنطق
نام مترجم : محمد گل ریز مصباحی، مدناپوری بریلی شریف
تعداد صفحات : 30
ناشر : مصباحی اکیڈمی، مدناپور، بہیڑی، بریلی شریف یوپی

اگر کوئی کمی ہو تو اطلاع دینے کے لیے اس نمبر پر واٹس ایپ یا کال کریں۔

+918057889427. گل ریز رضا مصباحی۔

## * جواہر المنطق *

## * دلالت اور اس کی اقسام کا بیان *

### * تمرین۔۔۔2. *

1.. * لکھے ہوئے حروف کی دلالت آواز پر

دلالت وضعیہ غیر لفظیہ ہے۔۔۔
جس طرح تحریر کی دلالت اپنے مضمون پر ہوتی ہے۔۔

.2.. * آوازوں کی دلالت اپنے معانی پر *

یہ دلالت وضعیہ لفظیہ ہے۔ جیسے لفظ زید کی دلالت ذات زید پر ہوتی ہے۔۔

3... * نبض کے تیز چلنے کی دلالت بخار پر *

۔دلالت طبعیہ غیر لفظیہ ہے۔۔

4.. * دھوپ کی دلالت طلوع آفتاب پر *

یہ دلالت عقلیہ غیر لفظیہ ہے۔۔

5... * دھوئیں کی دلالت آگ پر *

۔۔یہ دلالت عقلیہ غیر لفظیہ ہے
دلالت مطابقی نہیں ہو سکتی کیونکہ دلالت مطابقی وغیرہ وضعیہ لفظیہ کی اقسام ہیں۔

6.. * اح اح کی دلالت سینہ کی تکلیف پر *

یہ دلالت طبعیہ لفظیہ ہے۔
مطابقی اس لیے نہیں ہو سکتی
کیونکہ دلالت مطابقی لفظیہ وضعیہ کی قسم ہے۔۔

7.. چہرے کی سرخی کی دلالت شرمندگی پر *

یہ دلالت طبعیہ غیر لفظیہ ہے۔

8... * گھوڑے کے ہنہنانے کی دلالت گھاس مانگنے پر * ۔

یہ دلالت طبعیہ غیر لفظیہ ہے۔۔

9.. * گھنٹی بجنے کی دلالت وقفہ پر *

یہ دلالت وضعیہ غیر لفظیہ ہے۔۔

10. * لفظ درخت کی دلالت سایہ پر * دلالت التزامی ہے۔۔

11.. * لفظ گھوڑے کی دلالت حیوان صاہل پر *

۔ یہ دلالت مطابقی ہے۔۔۔۔۔

حیوان صاہل کا مجموعہ گھوڑا ہے

12... * لفظ حاتم طائی کی دلالت سخاوت پر *

یہ دلالت التزامی ہے۔۔۔ سخاوت نہ اس کا جز کا اور نہ کل

13.. * ہرے عمامے کی دلالت دعوت اسلامی پر *

یہ دلالت التزامی ہے۔۔ دعوت اسلامی نہ اس کا جز ہے اور نہ کل۔۔

14.. * لفظ کمپیوٹر کی دلالت مانیٹر پر *

یہ دلالت تضمنی ہے صرف مانیٹر کا نام کمپیوٹر نہیں ہے بلکہ سی پی یو وغیرہ بھی ہے مانیٹر اس کا جز ہے اس لیے دلالت تضمنی ہے۔

15.. * انگلی کی دلالت پورے پر *

یہ دلالت تضمنی ہے

کیونکہ. پورا انگلی کا جز ہے۔

16.. * پاکستانی جھنڈے کی دلالت سبز و سفید رنگ پر *

یہ دلالت مطابقی بھی ہے

کہ اس جھنڈے کے اندر یہ رنگ ہوتا ہے وہ جھنڈا اسی کلر پر مشتمل ہو گا

اور التزامی بھی ہے کہ سفید رنگ پاکستانی جھنڈے کو لازم ہے۔۔

## ٭تمرین 3..جواہر المنطق٭

٭سوال۔۔۔1٭

٭زکاۃ،رومال،غیر منصرف،ان الفاظ میں. منقول متعیّن کرو٭

٭جواب٭

٭زکاۃ کا لغوی معنی بڑھنا،پھلنا٭ ٭پھولنا ہیں۔لیکن بعد میں اس سے دوسرے معنی کی طرف نقل کر لیا گیا اب شریعت میں اس سے مراد یہ ہے کہ شرائط مخصوصہ کے ساتھ کسی مستحق آدمی کو اپنے مال کے ایک معین حصے کا مالک بنا دینا ہے٭

٭اور یہ منقول شرعی ہے٭

٭رومال٭

٭لغوی معنی منہ پوچھنے یا صاف کرنے کا چھوٹا کپڑا٭

٭لیکن اب سے مراد وہ کپڑا ہے جو چاروں طرف سے برابر ہو اور آسانی سے جیب میں رکھا جا سکے اور ہاتھ منہ پوچھنے کے کام آئے٭

٭اور یہ منقول عرفی ہے٭

٭غیر منصرف٭

٭غیر منصرف کا لغوی معنی ہے نہ پھرنے والا٭

٭اصطلاحی تعریف٭

٭وہ اسم معرب جس میں منع صرف کے اسباب میں سے کوئی دو سبب یا ایک ایسا سبب پایا جائے جو دو کے قائم مقام ہو٭

تو یہ پہلے معنی سے دوسرے معنی میں نقل ہو گیا اور یہ منقول اصطلاحی ہے

٭سوال.2٭

٭مندرجہ ذیل الفاظ میں. متواطی،علم،مشکک کو تلاش کرو،قلم،آگرہ،سرخ٭

٭جواب۔۔قلم متواطی ہے جس کا معنی قلم کے تمام افراد پر یکساں صادق آتا ہے قلم کے چاہے کتنے ہی افراد ہوں سب پر برابر صادق آئے گا٭.

*آگرہ یہ علم ہے جس کا معنی متعیّن اور خاص ہے اس سے خاص شہر مراد ہے*

*سرخ، یہ مشکک ہے سرخ کا معنی اپنے افراد پر یکساں صادق نہیں آتا ہے جیسے سرخ کا صدق گلاب کے پھول پر اشد اور ہونٹ کی سرخی پر اضعف صادق آتا ہے*

*سوال 3*

*غور کرکے بتاؤ کہ لفظ "مرکب" مفرد ہے یا مرکب؟*

*جواب*

*لفظ مرکب مفرد ہے جس کا کوئی بھی جز معنی کے جز پر دلالت نہیں کر رہا ہے، مثلا اس میں م،ر،ک،ب کوئی بھی معنی پر دلالت نہیں کر رہا ہے اور جب مرکب کی کوئی بھی شرط فوت ہو تو وہ مفرد رہتا ہے کیونکہ مرکب اسے کہتے ہیں جس کے جز کی دلالت معنی مراد کے جز پر مقصود ہو*

*محمد گل ریز رضا مصباحی، مدنا پور بریلی شریف*
*جامعۃ المدینہ فیضان عطار ناگ پور*
*918057889427+*
2022/11/01

*نصاب المنطق سبق 18*

*حل تمرین*..3...

*سوال درج ذیل ہر دو کلیوں میں کون سی نسبت پائی جارہی ہے*

*حیوان، انسان۔شجر، حجر۔فرس، صاہل، حیوان، ابیض۔جسم نامی، درخت انار۔انسان، اسود۔انسان، حجر۔انسان، ناطق۔*

*جواب*

*حیوان اور انسان دو کلیاں ہیں جن میں ایک کلی انسان دوسری کلی حیوان کے ہر ہر فرد پر صادق نہیں آتی ہے بلکہ بعض پر صادق آتی ہے کہ بعض حیوان انسان ہیں جیسے حیوان ناطق، لیکن دوسری کلی حیوان انسان کے ہر ہر فرد پر صادق آتا ہے کہ ہر انسان حیوان ہے اور ان دونوں کے درمیان عموم خصوص مطلق کی نسبت ہے*

*شجر، حجر۔ان دونوں کلیوں کے درمیان تباین کی نسبت ہے یعنی ان میں سے کوئی بھی کلی دوسری کلی کے کسی فرد پر صادق نہیں آتی کیونکہ کوئی بھی شجر (یعنی درخت) حجر (پتھر) نہیں۔اور کوئی بھی حجر شجر نہیں*

*فرس اور صاہل ایسی دو کلیاں ہیں جن میں سے ہر کلی دوسری کلی کے ہر فرد پر صادق آتی ہے یعنی ہر فرس (گھوڑا) صاہل ہے اور ہر صاہل (ہنہنانے والا) فرس ہے۔اور ان دونوں کے درمیان تساوی کی نبست ہے*

*حیوان، ابیض، ایسی دو کلیاں ہیں جن میں سے ہر ایک کلی دوسری کلی کے بعض افراد پر صادق آتی ہے تمام پر نہیں، جیسے بعض حیوان ابیض (سفید) ہوتے ہیں جیسے بگولہ (پرندہ)۔بعض ابیض نہیں ہوتے جیسے بھینس۔اور بعض ابیض حیوان نہیں ہوتے جیسے سفید پتھر*

*اس میں ایک مادہ اجتماع کا ہے اور دو افتراق کے۔اور ان دونوں کے درمیان نسبت عموم خصوص من وجہ ہے*

*جسم نامی، درخت انار، یہ دو کلیاں ہیں ان میں ایک کلی درخت انار، دوسری کلی جسم نامی کے ہر فرد پر صادق آتی ہے کہ ہر درخت انار جسم نامی ہے۔لیکن جسم نامی، درخت انار کے ہر فرد پر صادق

نہیں آتا بلکہ بعض پر صادق آتا ہے بعض جسم نامی درخت انار ہیں، اور ان کے درمیان نسبت عموم خصوص مطلق کی ہے *

* انسان، اسود * یہ دو کلیاں ہیں ان میں عموم خصوص من وجہ کی نسبت ہے *

* کہ ہر کلی دوسری کلی کے بعض افراد پر صادق آتی ہے تمام پر نہیں جیسے بعض انسان اسود ہوتے ہیں جیسے حبشی، اور بعض اسود نہیں ہوتے جیسے انگریز، اور بعض اسود انسان نہیں ہوتے جیسے بھینس *

* ان میں ایک مادہ اجتماع کا ہے اور دو افتراق کے ہیں *

* انسان، حجر * دو ایسی کلیاں ہیں کہ ان میں سے کوئی ایک بھی دوسری کلی کے کسی فرد پر صادق نہیں آتی کیونکہ کوئی بھی انسان حجر نہیں اور اسی طرح کوئی بھی حجر انسان نہیں لہذا دونوں کے درمیان نسبت تباین ہے *

* انسان، ناطق * دو ایسی کلیاں ہیں کہ ان میں سے ہر ایک دوسری کلی کے ہر ہر فرد پر صادق آتی ہے جیسے ہر انسان ناطق ہے اور ہر ناطق انسان ہے اور ان دونوں کے درمیان نسبت تساوی ہے *

* محمد گل ریز رضا مصباحی مدناپوری بریلی شریف *

* جامعۃ المدینہ فیضان عطار ناگ پور *

2022/11/07

*جواہر المنطق*

*حل تمرین 4*

*مشقی سوالات*

*از* *محمد گل ریز رضا مصباحی مدناپوری، بریلی شریف*
*8057889427*
*2022/11/10*

*(1)...سوال* *کلی کی تعریف کرکے بتاؤ کہ جوہر کلی ہے یا جزئی؟*

*جواب* *کلی وہ مفہوم ہے جس کا نفس تصورِ کثیرین پر صادق آنے سے منع نہیں کرتا ہے جیسے جسم مطلق، جسم نامی، حیوان، انسان وغیرہ*.؟

*اور جوہر کلی ہے اس لیے کہ یہ کثیرین پر صادق آتا ہے*

*سوال*(2)*.. *نسبت بتاؤ! قلم اور دوات میں، شجر اور نخل میں، جسم نامی اور حیوان میں، حجر اور جماد میں، حیوان اور اسد میں، ناہق اور حمار میں، اسم مفعول اور مفعول میں*

*جواب*--

*قلم اور دوات یہ دونوں ایسی کلیاں ہیں جن میں سے کوئی بھی کلی دوسری کلی پر صادق نہیں آتی ہے کہ کوئی بھی قلم دوات نہیں اور کوئی دوات قلم نہیں، ان دونوں کے درمیان نسبت تباین کی ہے*

*شجر اور نخل، یہ دو ایسی کلیاں میں جن میں ایک کلی نخل، شجر کے تمام افراد پر صادق آتی ہے کہ ہر نخل (کھجور کا درخت) شجر ہے، اور شجر، نخل کے تمام افراد پر صادق نہیں آتا ہے بلکہ بعض پر صادق آتا ہے کہ بعض شجر نخل نہیں ہیں جیسے شجر انار۔ اور ان کے درمیان نسبت عموم خصوص مطلق کی ہے*

*جسم نامی اور حیوان*

* یہ دو ایسی کلیاں ہیں جن میں ایک کلی حیوان جسم نامی کے تمام افراد پر صادق آتا ہے کہ ہر حیوان جسم نامی ہے، لیکن دوسری کلی جسم نامی حیوان کے ہر فرد پر صادق نہیں آتی ہے کہ بعض جسم نامی حیوان نہیں ہیں جیسے درخت جامن۔اور ان دونوں کے درمیان عموم خصوص مطلق کی نسبت ہے *

* حجر اور جماد *

* یہ ایسی دو کلیاں ہیں جن میں ایک * کلی حجر جماد کے تمام افراد پر صادق آتا ہے کہ ہر حجر جماد ہے لیکن دوسری کلی جماد حجر کے تمام افراد پر صادق نہیں آتا ہے بلکہ بعض پر صادق آتا ہے کہ بعض جماد حجر نہیں ہیں جیسے لوہا، مٹی اینٹ۔اور ان دونوں کے درمیان عموم خصوص مطلق کی نسبت ہے *

* حیوان اور اسد *

* یہ دو ایسی کلیاں ہیں جن میں ایک کلی اسد، حیوان کے تمام افراد پر صادق آتی ہے کہ ہر اسد حیوان ہے لیکن دوسری کلی حیوان، اسد کے تمام افراد پر صادق نہیں آتی بلکہ بعض پر صادق آتی ہے کہ بعض حیوان اسد نہیں ہیں جیسے بھینس انسان۔اور ان دونوں کے درمیان عموم خصوص مطلق کی نسبت ہے *

* ناہق اور حمار *

* یہ دو ایسی کلیاں ہیں جن میں ہر کلی دوسری کلی کے تمام افراد پر صادق آتی ہے کہ ہر حمار ناہق ہے اور ہر ناہق حمار ہے اور ان کے درمیان نسبت تساوی کی ہے *

* اسم مفعول اور مفعول میں *

* یہ دو ایسی کلیاں ہیں جن میں ہر * ایک کلی دوسری کلی کے بعض افراد * پر صادق آتی ہے تمام پر نہیں * جیسے بعض اسم مفعول مفعول ہوتے ہیں نصرت مظلوما (میں نے مظلوم کی مدد کی)۔ * اس جملے میں اسم مفعول حقیقت میں مفعول بھی ہے *

* بعض اسم مفعول مفعول نہیں ہوتے ہیں جیسے نُصر مظلوم (مظلوم کی مدد کی گئی) اس جملے میں مظلوم اسم مفعول نائب فاعل ہے اور حقیقتاً مفعول نہیں ہے *

*اور بعض مفعول اسم مفعول نہیں ہوتے جیسے نَصر زید بکرا(زید نے بکر کی مدد کی)اس جملے میں بکرا مفعول ہے لیکن اسم مفعول نہیں ہے*

*اور ان دونوں کے درمیان عموم خصوص من وجہ کی نسبت ہے*

*سوال (2)*

*جو قلم تمھارے ہاتھ میں ہے اور جس کو تم دیکھ رہے ہو خوب غور کر کے بتاؤ کہ وہ جزئی ہے یا کلی؟ یا دونوں میں سے کوئی بھی نہیں*

*جواب*

*جو قلم ہمارے ہاتھ میں ہے اور جسے ہم دیکھ رہے ہیں یہ جزئی ہے کیونکہ اب یہ متعیّن ہے اور اس کا صدق کثیرین پر صادق نہیں آسکتا ہے*

*جواہر المنطق*

*(1)*

*حل تمرین*

*ص40*

*محمد گل ریز رضا مصباحی,مدناپوری بریلی شریف*

*918057889427+*

*2022/11/26*

*سوال* *حسب ذیل ماہتوں کا تمام مشترک بتاؤ!*

*تصور اور تصدیق کا۔۔۔۔فرس شجر کا۔۔۔اسد اور حجر کا*

*جواب*

*تصور اور تصدیق کا تمام مشترک علم ہے کیونکہ یہ قائم بنفسہ ہے*

*فرس اور شجر کا تمام مشترک جسم نامی ہے اور ان کے اجزائے مشترکہ بسیطہ تین ہیں: جوہر، قابل ابعاد ثلاثہ، نامی*

* اسد اور حجر کا تمام مشترک جسم مطلق ہے اور ان کے درمیان کل مشترک اجزائے بسیطہ دو ہیں، جوہر، قابل ابعاد ثلاثہ *

* سوال (2) *

* حمار وشجر وحجر کا تمام مشترک اور انسان، حمار، شجر، حجر، نفس ناطقہ کا تمام مشترک کیا ہے * ؟

* جواب *

* 2 *

* حمار شجر، حجر کا تمام مشترک جسم مطلق ہے اور ان کے اجزائے مشترکہ بسیطہ دو ہیں، جوہر، قابل ابعاد ثلاثہ *

* انسان، شجر، حجر، نفس ناطقہ کا تمام مشترک جوہر ہے اور اس کا مشترک جز بھی جوہر ہے کیونکہ بیان کیا گیا کہ جب ایک جز مشترک ہو تو وہی جزء تمام مشترک ہوگا *

* سوال (3) *

* صاہل اور فرس میں، ناطق اور حمار میں کونسی نسبت ہے * ؟

* جواب * .. * 3 *

* صاہل اور فرس میں تساوی کی نسبت ہے کہ ہر صاہل (ہنہنانے والا) فرس ہے اور ہر فرس صاہل ہے *

* ناطق اور حمار میں تباین کی نسبت ہے کہ کوئی بھی ناطق حمار نہیں اور کوئی حمار ناطق نہیں *

* سوال (4) *

* حسب ذیل کلیوں میں کونسی کلی اپنے افراد کی حقیقت کا عین اور کونسی کلی اپنے افراد کی حقیقت سے خارج اور کونسی کلی اپنے افراد کی حقیقت کا جز ہے * ؟

* اسد، قابل ابعاد ثلاثہ، صاہل، موجود، حیوان، جوہر، کاتب، نامی، کلب *

* جواب * 4

* اسد اپنے افراد کی حقیقت کا عین ہے *

* قابل ابعاد ثلاثہ یہ اپنے افراد کی حقیقت کا جز ہے *

*صاہل یہ اپنے افراد کی حقیقت کا جز ہے*

*موجود یہ اپنے افراد کی حقیقت سے خارج ہے*

*حیوان یہ اپنے افراد کی حقیقت کا جز ہے*

*جوہر یہ اپنے افراد کی حقیقت کا جز ہے*

*کاتب یہ اپنے افراد کی حقیقت سے خارج ہے*

*نامی یہ اپنے افراد کی حقیقت کا جز ہے*

*کلب یہ اپنے افراد کی حقیقت کا عین ہے*

***جواہر المنطق***

***حل تمرین***

***ص46***

*محمد گل ریز رضا مصباحی مدناپوری بریلی شریف*

*8057889427*

*2022/11/26*

*سوال (1)*

*مفہوم نوع اپنے افراد کے لیے یا نوع یا اور کچھ؟ غور کر کے بتاؤ!*

*جواب*

*مفہوم نوع اپنے افراد کے لیے نوع ہے اس لیے کہ نوع اپنے افراد زید، عمرو بکر وغیرہ پر صادق آتی ہے اور نوع کہتے ہیں جو کثیرین متفقین پر صادق آئے اور یہ سب ماہیت میں متفق ہیں*

*سوال 2*

*کلی، انسان کا خاصہ ہے یا عرض عام، سوچ سمجھ کر جواب دو*!

*جواب*

*کلی انسان کا عرض عام ہے اس لیے کہ یہ انسان کے علاوہ دیگر افراد میں بھی پائی جاتی ہے اور اس کی حقیقت میں داخل نہیں ہے*

*سوال (3)*

*جنس اور نوع حقیقی، جنس اور نوع اضافی کے درمیان کونسی نسبت ہے؟*

*جواب*

*جنس اور نوع حقیقی میں تباین کی نسبت ہے اس لیے کہ جنس کثیرین مختلفین بالحقائق پر بولی جاتی ہے اور نوع کثیرین متفقین بالحقائق پر بولی جاتی ہے، کوئی نوع جنس نہیں، اور کوئی جنس نوع نہیں*

*جنس اور نوع اضافی کے درمیان عموم خصوص من وجہ کی نسبت ہے کہ بعض کلیاں وہ ہیں جو نوع اضافی ہیں لیکن جنس نہیں جیسے انسان نوع اضافی ہے کہ اس کے اوپر ایک جنس حیوان ہے لیکن جنس نہیں کیونکہ یہ نوع ہے، بعض کلیاں جنس اور نوع اضافی دونوں ہیں جیسے حیوان یہ جنس بھی ہے اور نوع اضافی بھی ہے کہ اس کے اوپر ایک جنس جسم نامی ہے۔ اور بعض کلیاں صرف جنس ہیں لیکن نوع اضافی نہیں جیسے جوہر یہ جنس ہے لیکن نوع اضافی نہیں کیونکہ اس کے اوپر کوئی جنس نہیں*

*سوال (4)*

*ناطق، صاہل، ناہق، نابح پر کونسی کلی صادق آتی ہے؟*

*جواب*

*ناطق، صاہل، ناہق، نابح پر فصل صادق آتی ہے جب کوئی سوال کرے الانسان ای شیٔ ھو فی ذاتہٖ؟ تو جواب میں ناطق بولا جائے گا۔ جب پوچھا جائے الفرس ای شیٔ ھو فی ذاتہٖ؟ تو جواب میں صاہل بولا جائے گا۔ جب پوچھا جائے الحمار ای شیٔ ھو فی ذاتہٖ؟ تو جواب میں ناہق بولا جائے گا اور جب پوچھا جائے الکلب ای شیٔ ھو فی ذاتہٖ تو جواب میں نابح بولا جائے گا۔ تو معلوم ہوا انسان کے لیے ناطق، فرس کے لیے صاہل، حمار کے لیے ناہق اور کلب کے لیے نابح فصل ہے*

*سوال (5)*

*اسد، فرس، کلب یہ سب کلیاں نوع ہیں یا جنس ؟*

*جواب*

*ان سب کے متعلق الگ الگ پوچھا جائے کہ یہ کیا ہیں تو نوع ہوں گی، جس طرح انسان نوع ہے، لیکن اگر ان سب کو مجموعی طور پر پوچھا جائے تو جنس ہوں گی کیونکہ ان کی ماہیات الگ الگ ہیں*

*جواھر المنطق ونصاب المنطق حل تمرین*

*محمد گل ریز رضا مصباحی مدناپوری بریلی شریف*

*2022/11/30*

*918057889427+*

*ص 48*

*مشقی سوالات*

*سوال (1)*

*حد تام کی تعریف کیا ہے؟*

*جواب*

*حد تام وہ معرف ہے جو شے کی جنس قریب اور فصل قریب سے مرکب ہو مثلا فرس کی حد تام حیوان صاہل ہے*

*سوال (2)*

*الحیوان ای شی ھو فی ذاتہ ؟ کا جواب بتاؤ!*

*جواب*

*حساس*

*سوال (3)*

*نوع اضافی اور جزئی اضافی میں کونسی نسبت ہے؟*

*جواب*

*ہر جزئی اضافی نوع اضافی ہے کیونکہ انسان جو خاص ہے جزئی اضافی ہے وہ عام حیوان کے تحت واقع ہے، لیکن عام خاص کے تحت واقع نہیں ہوتا ہے جیسے حیوان عام ہے نوع اضافی ہے جزئی اضافی نہیں ہے اور ان کے درمیان عموم خصوص مطلق کی نسبت ہے*

*سوال (4)*

*کلب کی حد تام بتاؤ!؟*

*جواب*

*حیوان نابح، حیوان جنس قریب واقع نابح فصل قریب ہے*

*سوال (5)*

*مفہوم جنس اور مفہوم فصل کا تمام مشترک کیا ہے؟*

*جواب*

*معرف جو تمام مشترک ہے*

*نصاب، المنطق سبق 27۔ ص66*

*سوال (6)*

*درج ذیل سے معرف کی اقسام پہچانیں*

*جسم ناہق حمار کے لیے. جسم* *ضاحک ۔انسان کے لیے ۔ حساس۔حیوان کے لیے. حیوان ناطق۔انسان کے لیے۔ حیوان صاہل۔فرس کے لیے*

*جواب*

*جسم ناہق حمار کے لیے حد ناقص ہے جو جسم جنس بعید اور فصل قریب ناہق سے مرکب ہے*

*جسم ضاحک۔انسان کے لیے رسم ناقص ہے جو انسان کی جنس بعید جسم اور خاصہ سے مرکب ہے*

* حساس۔ حیوان کے لیے حد ناقص ہے کیونکہ یہاں صرف فصل قریب ہے *
* حیوان ناطق *
* انسان کے لیے یہ حد تام ہے جو جنس قریب اور فصل قریب سے مرہب ہے *
* حیوان صاہل.. فرس کے لیے۔۔ حد تام ہے جو جنس قریب اور فصل قریب سے مرکب ہے *

* جواہر المنطق۔ دعوت اسلامی *
* سوالات شقیہ * * ص 77 *
* محمد گل ریز رضا مصباحی مدنا پوری بریلی شریف *

*8057889427

(1).. * مندرجہ ذیل قضایا میں موجہہ کی قسمیں متعیّن کرو! *

* ہر بندہ خدائے تعالی کا ضرور محتاج ہے۔ کوئی مومن جب تک کہ صاحب ایمان ہے ہر گز کافر نہیں۔ ہر نبی ضرور معصوم ہے۔ کوئی خطیب جب تک کہ وہ تقریر کررہا ہے ہر گز اس کی زبان بند نہیں۔ کوئی نمازی جب تک کہ وہ نماز پڑھ رہا ہے ہر گز اس کو خورد و نوش جائز نہیں *

* جواب *

* ہر بندہ (ذات موضوع) خدائے تعالی کا ضرور (ضرور جہت قضیہ) محتاج (محمول) *

* مشروطہ عامہ سالبہ *

* کوئی مومن (ذات موضوع) جب تک کہ صاحب ایمان ہے (وصف عنوانی) ہر گز (جہت قضیہ) کافر نہیں (محمول) *

* مشروطہ عامہ سالبہ *

* ہر نبی (ذات موضوع) ضرور (جہت قضیہ) معصوم ہے (محمول) *

* ضروریہ مطلقہ موجبہ *

*کوئی خطیب (ذات موضوع) جب تک کہ وہ تقریر کررہا ہے (وصف عنوانی) ہرگز (جہت قضیہ) اس کی زبان بند نہیں (محمول)*

*مشروطہ عامہ سالبہ*

*کوئی نمازی (ذات موضوع) جب تک کہ وہ نماز پڑھ رہا ہے (وصف عنوانی) ہرگز (جہت قضیہ) اس کو خورد ونوش جائز نہیں (محمول)*

*مشروطہ عامہ سالبہ*

*(2)* قضایائے ذیل میں لا دائما اور لا بالضرورۃ سے صریح قضیہ تیار کرو!*

*کل انسان ضاحک بالفعل لا دائما، لاشئ من الفرس بمتنفس بالفعل لا بالضرورۃ، بالدوام لاشئ من المصلی بمحدث مادام مصلیا لا دائما*

*جواب*

*کل انسان ضاحک بالفعل لا دائما*

*صریح قضیہ*

*لاشئ من الانسان بضاحک بالفعل*

*لاشئ من الفرس بمتنفس بالفعل لا بالضرورۃ*

*صریح قضیہ*

*کل فرس متنفس بامکان العام*

*بالدوام لاشئ من المصلی بمحدث مادام مصلیا لا دائما*

*صریح قضیہ*

*کل مصلی محدث بالفعل*

*(3)* کل حیوان حساس میں مادہ ضرورت اور مادہ دوام دونوں پایا جاتا ہے یا نہیں*

*جواب*

*مذکورہ بالا قضیہ میں دونوں مادہ ضرورۃ اور دوام پائے جارہے ہیں،مادہ ضرورت اس طرح پایا جارہا ہے کہ حیوان سے حساس کی نسبت کا جدا ہونا محال ہے،اور مادہ دوام اس طور پر پایا جارہا ہے کہ حیوان سے حساس کی نسبت کبھی جدا نہ ہوا گرچہ جدا ہونا محال ہو یا ممکن*

*(4)*ان اللہ جل شانہ بکل شیء علیم اس قضیہ قدسیہ میں کون سا مادہ پایا جاتا ہے؟*

*مذکورہ بالا قضیہ قدسیہ میں مادہ ضرورت پایا جارہا ہے کیونکہ اللہ رب العزت جل شانہ سے علم کی نسبت کا جدا ہونا محال ہے اس کا علم ازلی اور ابدی ہے*

*نصاب المنطق تناقض کا بیان*

*حل تمرین ص 38*

*محمد گل ریز رضا مصباحی،مدناپوری بریلی شریف*

*8057889427

*1*سوال درج ذیل قضایا کی نقائض بیان کریں*

*ہر سنی مومن ہے۔کچھ گاڑیاں رات میں چلتی ہیں۔بعض ابیض حیوان ہیں۔کوئی انسان پتھر نہیں۔ہر انسان جاندار ہے۔ہر درخت نامی ہے۔ہر متقی مسلمان ہے۔ہر فاعل مرفوع ہے۔کوئی بھی کاتب انسان نہیں۔بعض فرس ضاحک ہیں۔ہر نوع کلی ہے۔بعض حمار ناہق نہیں*

*جواب*

*ہر سنی مومن ہے*

*نقیض۔۔بعض سنی مومن نہیں ہیں*

*کچھ گاڑیاں رات میں چلتی ہیں*

*کوئی بھی گاڑی رات میں نہیں چلتی ہے*

*بعض ابیض حیوان ہیں*

*کوئی بھی ابیض حیوان نہیں ہے*

*کوئی انسان پتھر نہیں*

* بعض انسان پتھر ہیں *

* ہر انسان جاندار ہے *

* بعض انسان جاندار نہیں ہیں *

* ہر درخت نامی ہے *

* بعض درخت نامی نہیں ہیں *

* ہر متقی مسلمان ہے *

* بعض متقی مسلمان نہیں ہیں *

* ہر فاعل مرفوع ہے *

* بعض فاعل مرفوع نہیں ہیں *

* کوئی بھی کاتب انسان نہیں نہیں *

* بعض کاتب انسان ہیں *

* بعض فرس ضاحک ہیں *

* کوئی بھی فرس ضاحک نہیں ہے *

* ہر نوع کلی ہے *

* بعض نوع کلی نہیں ہیں *

* بعض حمار ناہق نہیں *

* ہر حمار ناہق ہے *

*نصاب المنطق عکس مستوی*

*سبق 39. حل تمرین ص 110*

*محمد گل ریز رضا مصباحی مدناپوری بریلی شریف*

*918057889427+*

*سوال (3)* مندرجہ ذیل قضایا کے عکوس تحریر کریں*

*ہر متکبر ذلیل ہے۔ بعض مسلمان نماز نہیں پڑھتے۔ کوئی انسان پتھر نہیں۔ ہر انسان اللہ تعالی کو وحدہ لاشریک مانتا ہے۔ ہر انسان جاندار ہے۔ ہر انسان ماشی ہے۔ بعض مسلمان نمازی ہیں۔ ہر جسم قابل للبعاد الثلثہ ہے.*

*جواب*

*ہر متکبر ذلیل ہے*

*بعض ذلیل متکبر ہیں (عکس مستوی)*

*بعض مسلمان نماز نہیں پڑھتے*

*بعض نماز پڑھنے والے مسلمان نہیں (عکس، مستوی)*

*کوئی انسان پتھر نہیں*

*کوئی پتھر انسان نہیں (عکس مستوی)*

*ہر انسان اللہ تعالی کو وحدہ لاشریک مانتا ہے*

*بعض اللہ تعالی کو وحدہ لاشریک ماننے والے انسان ہیں (عکس مستوی)*

*ہر انسان جاندار ہے*

*بعض جاندار انسان ہیں (عکس مستوی)*

*ہر انسان ماشی ہے*

*بعض ماشی انسان ہیں (عکس مستوی)*

*بعض مسلمان نمازی ہیں*

*بعض نمازی مسلمان ہیں (عکس مستوی)*

*ہر جسم قابل للابعاد الثلثہ ہے*
*بعض قابل للابعاد الثلثہ جسم ہیں (عکس مستوی)*
*کوئی غلطی ہو تو اصلاح فرمائیں*

*جواہر المنطق*
*مشقی سوالات۔ ص 91*
*محمد گل ریز رضا مصباحی، مدناپوری بریلی شریف*
*918057889427*

*(1)* مندرجہ ذیل قضایا میں متصلہ اور منفصلہ کی قسمیں متعیّن کرو!*
*اگر زید اسلام قبول کرے تو اس پر شراب حرام ہو جائے گی۔ ایسا نہیں کہ بکر اگر روزہ رکھ لے تو دودھ پینا اس کو جائز رہے۔ یہ منفصلہ یا تو حقیقیہ ہے یا مانعہ الجمع۔ ایسا نہیں کہ یہ انسان یا تو متقی ہے یا مسلمان۔ میں یا تو نہیں کھاؤں گا یا جاگوں گا*

*جواب*
*اگر زید اسلام قبول کرے تو اس پر شراب حرام ہو جائے گی، شرطیہ متصلہ لزومیہ موجبہ ہے جس میں زید کے لیے اسلام قبول کرنے لینے کی نسبت مان لینے سے اس سے شراب کا حرام ہونا ثابت ہو گا۔*
*ایسا نہیں کہ بکر اگر روزہ رکھ لے تو دودھ پینا اس کو جائز رہے۔ یہ قضیہ متصلہ لزومیہ سالبہ ہے اس میں مقدم اور تالی کے درمیان اتصال سلبی ہے کہ بکر کے لیے جب روزہ رکھ لینا فرض کر لیا جائے تو دودھ پینا جائز نہیں ہو گا*
*یہ منفصلہ یا تو حقیقیہ ہے یا مانعۃ الجمع، یہ شرطیہ مانعۃ الجمع موجبہ ہے (جیسے یہ مثال ہے یہ سنی یا تو حنفی ہے یا شافعی)*
*ایسا نہیں کہ یہ انسان یا تو متقی ہے یا مسلمان۔ یہ قضیہ شرطیہ حقیقیہ سالبہ ہے*
میں یا تو نہیں کھاؤں گا یا جاگوں گا

قضیہ شرطیہ حقیقیہ اتفاقیہ موجبہ

*(2)ایک عورت کو دو بچے پیدا ہوئے نہ دونوں جئیے نہ دونوں مرے۔اس پہیلی کو حل کرو!*

*یہ قضیہ منفصلہ حقیقیہ موجبہ ہے اس طور پر کہ ایک جی گیا اور ایک مر گیا تو دونوں جئے بھی نہیں اور نہ ہی دونوں مرے۔تو اس میں ایک مبتدا کی دو خبریں ہیں نہ دونوں صادق آسکتی ہیں اور نہ دونوں برطرف ہوسکتی ہیں*

*عکس نقیض*

*نصاب المنطق، سبق 40.ص 112*

*حل تمرین*

*محمد گل ریز رضا مصباحی مدناپوری بریلی شریف*

*918057889427+*

*سوال (3)*

*مندرجہ ذیل کا عکس نقیض لکھیں*

*بعض لا انسان لا حیوان نہیں۔کوئی انسان پھتر نہیں۔ہر محنتی کامیاب ہے۔ہر انسان جاندار ہے۔ہر انسان حیوان ہے۔کوئی گھوڑا انسان نہیں*

*جواب*

*بعض لاانسان لاحیوان نہیں*

*بعض حیوان انسان نہیں*(عکس نقیض)*

*کوئی انسان پتھر نہیں*

*بعض لاپتھر لاانسان نہیں.(عکس نقیض)*

*ہر محنتی کامیاب ہے*

*ہر لا کامیاب لامحنتی ہے.(عکس نقیض)*

* ہر انسان جاندار ہے *
* ہر لا جاندار لا انسان ہے (عکس نقیض) *
* ہر انسان حیوان ہے *
* ہر لا حیوان لا انسان ہے (عکس نقیض) *
* کوئی گھوڑا انسان نہیں *
* بعض لا انسان لا گھوڑا نہیں (عکس نقیض) *

## * مشقی سوالات *
## * جواہر المنطق *

* (1) * مندرجہ ذیل قضایا کے نقائض قلمبند کرو *

*كل فاعل مرفوع.لاشئی من الكاتب بانسان .بعض الفرس ضاحك.كل نوع كلی.بعض الحمار ليس بناهق.

* (2) * مندرجہ ذیل قضایا کے عکوس تحریر کرو *

* کل انسان ماش۔ بعض المسلم مصل۔ لاشئی من السیارۃ بطیارۃ۔ کل جسم قابل للابعاد الثلثۃ. *

* جواب *

* کل فاعل مرفوع *
* بعض الفاعل لیس مرفوع * (نقیض)
* لاشئی من الکاتب بانسان *
* بعض الکاتب انسان * (نقیض).
* بعض الفرس ضاحک *
* لاشئی من الفرس بضاحک * (نقیض).
* کل نوع کلی *
* بعض النوع لیس بکلی * (نقیض) *

٭بعض الحمار لیس بناھق ٭

٭کل حمار ناھق ٭(نقیض).

٭عکس نقیض اور عکس مستوی ٭

٭کل انسان ماش ٭

٭بعض الماش انسان ٭(عکس مستوی)

٭کل لاماش لاانسان ٭(عکس نقیض).

٭بعض المسلم مصل

٭بعض المصل مسلم ٭(عکس مستوی).

٭اس کا عکس نقیض نہیں آتا ہے کیونکہ موجبہ جزئیہ کا عکس نقیض آتا ہے ٭

٭لاشئ من السیارۃ بطیارۃ

٭لاشئ من الطیارۃ بسیارۃ ٭(عکس مستوی)٭

٭بعض لاالطیارۃ لیس بلاسیارۃ ٭(عکس نقیض)٭

٭کل جسم قابل للابعاد الثلثۃ

٭بعض قابل للابعاد الثلثۃ جسم (عکس مستوی)٭

٭کل لاجسم لا قابل للابعاد الثلثۃ(عکس نقیض)٭

٭

*جواہر المنطق۔حل تمرین ص 64*

مشقی سوالات

*محمد گل ریز رضا مصباحی مدناپوری بریلی شریف*

*2022/12/14

*سوال (1)*

*مندرجہ ذیل قضایا میں محصورہ کی قسمیں اور قدسیہ، شخصیہ، مہملہ متعیّن کرو!*

*ہر انسان ذی حیات ہے، کوئی فرشتہ گنہ گار نہیں، بعض عالم خطیب ہیں، بعض لوگ شریف نہیں، کچھ طلبہ بیمار ہیں، اللہ تعالی سارے جہاں کا رب ہے، زید ہوشیار ہے، مومن شریف ہے، تم تندرست ہو، رب العزۃ جل جلالہ ہی قابل پرستش ہے۔*

*جواب*

*ہر انسان ذی حیات ہے۔۔۔(قضیہ محصورہ موجبہ کلیہ)*

*کوئی فرشتہ گنہ گار نہیں (قضیہ محصورہ سالبہ کلیہ)*

*بعض عالم خطیب ہیں (قضیہ محصورہ موجبہ جزئیہ)*

*بعض لوگ شریف نہیں (قضیہ محصورہ سالبہ جزئیہ)*

*کچھ طلبہ بیمار ہیں (قضیہ محصورہ موجبہ جزئیہ)*

*اللہ تعالی سارے جہاں کا رب ہے (قضیہ قدسیہ)*

*زید ہوشیار ہے (قضیہ شخصیہ)*

*مومن شریف ہے (قضیہ مہملہ)*

*تم تندرست ہو (قضیہ شخصیہ)*

*رب العزۃ جل جلالہ ہی قابل پرستش ہے (قضیہ قدسیہ)*

*سوال (2)*

*قضایائے ذیل میں معدولہ کی قسمیں بتاؤ!*

*نعمت الہیہ بیشمار ہیں، وہ سمندر اتھاہ ہے، یہ بلڈنگ ناپائدار نہیں*

*جواب*

*نعمت الہیہ بیشمار ہیں (قضیہ معدولۃ المحمول موجبہ)*

*وہ سمندر راتھاہ (ایسی گہرائی جس کی تہ پتہ نہ ہو) ہے (قضیہ معدولۃ المحمول موجبہ)*

*یہ بلڈنگ ناپائدار نہیں (قضیہ معدولۃ المحمول سالبہ)*

*سوال (3)*

*مندرجہ ذیل قضایا میں کون معدولہ ہے اور کون غیر معدولہ؟ غور کر کے بتاؤ!*

*نابینا نے نماز پڑھی، میں اس نابالغ کو پڑھاؤں گا، زید نے بے نمازی کو سزادی*

*جواب*

*نابینا نے نماز پڑھی (قضیہ معدولۃ الموضوع موجبہ)*

*میں اس نابالغ کو پڑھاؤں گا (غیر معدولہ محصلہ، حرف سلب موضوع محمول میں سے کسی کا جز نہیں ہے)*

*زید نے بے نمازی کو سزادی (غیر معدولہ محصلہ۔ حرف سلب موضوع اور محمول میں سے کسی کا جز نہیں ہے)*

جواہر المنطق درجہ ثانیہ

*مشقی سوالات*

*حل تمرین ص 108*

*محمد گل ریز رضا مصباحی مدناپوری بریلی شریف*

*918057889427+*

*(1) مندرجہ ذیل اقیسہ صحیح ہیں یا نہیں؟ بر تقدیر ثانی عدم صحت کی وجہ بتاؤ!*

*(1) کل حیوان جسم و بعض الجسم حجر*

* = الجواب یہ قیاس صحیح نہیں ہے کیوں کہ اس میں شکل اول کی دونوں شرطوں میں سے ایک شرط: "کبری کلیہ ہو"نہیں پائی جارہی ہے *

* (2) بعض الحیوان لیس بناطق وکل ناطق انسان *

* الجواب = یہ قیاس صحیح نہیں ہے کیوں کہ اس میں شکل اول کے شرائط میں سے ایک شرط: "صغری موجبہ ہو"نہیں پائی جارہی ہے *

* (3) کل انسان حیوان وکل فرس حیوان *

* الجواب = یہ قیاس صحیح نہیں ہے کیوں کہ اس میں شکل ثانی کی دونوں شرطوں میں سے ایک شرط: "صغری موجبہ ہو تو کبری سالبہ ہو یا صغری سالبہ ہو تو کبری موجبہ ہو، نہیں پائی جارہی ہے *

* (4) کل انسان حیوان وبعض الجسم لیس بحیوان *

* الجواب = یہ قیاس صحیح نہیں ہے کیوں کہ اس میں شکل ثانی کی دو شرطوں میں سے ایک شرط: ""کبری کلیہ ہو"نہیں پائی جارہی ہے *۔

* (5).. بعض الحیوان لیس بانسان وبعض الحیوان لیس بناطق *

* الجواب = یہ قیاس صحیح نہیں ہے کیوں کہ اس میں شکل ثالث کی دونوں شرطیں: "صغری موجبہ ہو، کبری اور صغری میں سے کوئی کلیہ ہو"نہیں پائی جارہی ہیں *۔

* (6) بعض الحیوان ضاحک وبعض الحیوان لیس بانسان *

* الجواب = یہ قیاس صحیح نہیں ہے کیوں کہ اس میں شکل ثالث کی دونوں شرطیں: "صغری موجبہ ہو، صغری یا کبری میں سے کوئی کلیہ ہو"نہیں پائی جارہی ہیں *

* سوال (2) مندرجہ ذیل نتیجے شکل اول کے طور ثابت کرو! *

* (1) لا شئ من المرتد بمغفور *

* جواب = صغری = کل مرتد خارج عن الاسلام *

* کبری = لا شئ من الخارج عن الاسلام بمغفور *

* نتیجہ: لا شیء من المرتد بمغفور *

* (2) بعض الانسان لیس بناج *

* الجواب = صغری = بعض الانسان کافر *
* کبری = ولاشئ من الکافر بناج *
* نتیجہ: بعض الانسان لیس بناج *
* (3) بعض الحیوان لیس بناطق *
* صغری = بعض الحیوان فرس *
* کبری = لاشئ من الفرس بناطق *
* نتیجہ: بعض الحیوان لیس بناطق *
* (4) ولاشئ من الفاعل بفعل *
* صغری = کل فاعل اسم *
* کبری = لاشئ من الاسم بفعل *
* نتیجہ: ولاشئ من الفاعل بفعل *
* (5) کل انسان جوھر *
* صغری = کل انسان حیوان *
* کبری = کل حیوان جوھر *
* نتیجہ: کل انسان جوھر *
* .(6) سیدنا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم مطلع علی الغیب *
* صغری = سیدنا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم رسول *
* کبری = وکل رسول من اللہ مطلع علی الغیب *
* نتیجہ: سیدنا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مطلع علی الغیب *
* (7).. زید لا تجب علیہ الزکاۃ *
* صغری = زید لیس بصاحب المال *
* کبری = لاشئ من صاحب المال لا تجب علیہ الزکاۃ *
* نتیجہ = زید لا تجب علیہ الزکاۃ *

(8)۔بکر تجب علیہ الصلوۃ۔

۔صغری۔بکر مومن عاقل بالغ۔

کبری۔کل مومن عاقل بالغ تجب علیہ الصلوۃ۔

نتیجہ۔بکر تجب علیہ الصلوۃ۔